StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No._________________

Sig. of Candidate._________________

Sig. of Invigilator._________________

# ECONOMICS HSSC–I

## SECTION – A (Marks 20)

**Time allowed: 25 Minutes**

**NOTE:- Section–A is compulsory. All parts of this section are to be answered on the question paper itself. It should be completed in the first 25 minutes and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed. Do not use lead pencil.**

**Q. 1 Circle the correct option i.e. A / B / C / D. Each part carries one mark.**

(i) Economics is a science of _________
- A. Scarce resources
- B. Unlimited resources
- C. Unlimited wealth
- D. None of these

(ii) Which of the following is an economic activity?
- A. Watching T.V
- B. Riding a bicycle
- C. Saying of prayers
- D. Spending money on needs

(iii) Indifference curves (IC) are _________
- A. Negatively sloped
- B. Convex
- C. Concave
- D. Both A and B

(iv) Which of the following is a discontinuous variable?
- A. Change in income
- B. Change in speed
- C. Change in weather
- D. Both B and C

(v) Which of the following goods has elasticity of demand more than Unity i.e. $Ed > 1$?
- A. Salt
- B. Ghee
- C. Car
- D. Flour

(vi) How will demand for Giffin goods be affected due to fall in its price?
- A. Qd will increase
- B. Qd will decrease
- C. No change in Qd
- D. Infinite elastic demand

(vii) The supply curve of perishable goods is _________
- A. Horizontal
- B. Vertical
- C. Negative
- D. Positive

(viii) Which is the equation of Supply?
- A. Q–5P+10=0
- B. Q +3P+1 = 0
- C. Both A and B
- D. None of these

(ix) When Marginal Utility (MU) becomes negative _________
- A. TU increases
- B. TU is maximum
- C. TU remains constant
- D. TU tends to decline

(x) When price remains the same and supply increases, it is called _________
- A. Expansion in supply
- B. Rise in supply
- C. Fall in supply
- D. Contraction in supply

(xi) A firm will be in equilibrium when _________
- A. MR = MC
- B. MR > MC
- C. MR < MC
- D. None of these

(xii) A 'group of firms' producing sugar is known as _________
- A. Industry
- B. Cartel
- C. Monopoly
- D. Perfect competition

(xiii) Which factor plays an important role in business?
- A. Land
- B. Labour
- C. Capital
- D. Entrepreneur

(xiv) Which factor of production is geographically immobile?
- A. Land
- B. Labour
- C. Capital
- D. Organizer

(xv) Law of Diminishing Return is mostly applicable on _________
- A. Agriculture
- B. Industry
- C. International trade
- D. Communication

(xvi) Which of the following is **NOT** included in Variable Cost (VC)?
- A. Wages of permanent employees
- B. Wages of ordinary workers
- C. Transportation cost
- D. Publicity expenses

(xvii) P = AR = MR under the _________
- A. Monopoly
- B. Duopoly
- C. Perfect competition
- D. Monopolistic competition

(xviii) Under monopoly in equilibrium elasticity of demand becomes _________
- A. $Ed = 1$
- B. $Ed > 1$
- C. $Ed < 1$
- D. $Ed = 0$

(xix) Wages paid in cash form are known as _________ wages.
- A. Real
- B. Nominal
- C. Minimum
- D. Additional

(xx) Upto what an extent does Islam provide justification of profit?
- A. No limit is fixed
- B. Profit taking is prohibited
- C. A reasonable and justified limit
- D. None of these

**For Examiner's use only:**

**Total Marks:** 20

**Marks Obtained:**

StudentBounty.com

Roll No. ______  Answer Sheet No. ______

Sig. of Candidate: ______  Sig. of Invigilator: ______

# معاشیات ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصّہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) معاشیات ______ کا علم ہے۔
الف۔ محدود وسائل  ب۔ لامحدود وسائل  ج۔ لامحدود دولت  د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(ii) درج ذیل میں سے کون سی معاشی سرگرمی ہے؟
الف۔ ٹی وی دیکھنا  ب۔ سائیکل چلانا  ج۔ نماز پڑھنا  د۔ ضرورتوں پر دولت خرچ کرنا

(iii) عدم ترجیح کے خطوط ______ ہوتے ہیں۔
الف۔ منفی جھکاؤ والے  ب۔ محدب  ج۔ مقعر  د۔ الف اور ب دونوں

(iv) درج ذیل میں سے کون سا متغیر غیر مسلسل ہے؟
الف۔ آمدنی میں تبدیلی  ب۔ رفتار میں تبدیلی  ج۔ موسم میں تبدیلی  د۔ ب اور ج دونوں

(v) ذیل میں سے کس شے کی طلب کی لچک اکائی سے زیادہ ہے؟
الف۔ نمک  ب۔ گھی  ج۔ کار  د۔ آٹا

(vi) قیمت کم ہونے سے گھٹیا اشیاء کی طلب میں کیا تبدیلی ہوتی ہے؟
الف۔ طلب بڑھ جاتی ہے  ب۔ طلب کم ہو جاتی ہے
ج۔ طلب میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی  د۔ طلب کی لچک لامحدود ہوتی ہے

(vii) ضیاع پذیر اشیاء کی رسد کا خط ______ ہوتا ہے۔
الف۔ اُفقی  ب۔ عمودی  ج۔ منفی  د۔ مثبت

(viii) رسد کی مساوات کون سی ہے؟
الف۔ Q-5P+10=0  ب۔ Q +3P+1 =0  ج۔ الف اور ب دونوں  د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(ix) جب مختتم افادہ منفی ہو جائے تو ______
الف۔ کل افادہ بڑھ رہا ہوتا ہے  ب۔ کل افادہ زیادہ سے زیادہ ہوتا ہے
ج۔ کل افادہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی  د۔ کل افادہ گرنا شروع ہو جاتا ہے

(x) جب شے کی قیمت وہی رہے اور رسد زیادہ ہو جائے تو اسے ______ کہا جائے گا۔
الف۔ رسد کا پھیلنا  ب۔ رسد کا بڑھنا  ج۔ رسد کا گرنا  د۔ رسد کا سکڑنا

(xi) ایک فرم اُس وقت توازن میں ہوگی جب ______
الف۔ مختتم وصولی = مختتم لاگت  ب۔ مختتم وصولی زیادہ ہو مختتم لاگت سے
ج۔ مختتم وصولی کم ہو مختتم لاگت سے  د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xii) چینی تیار کرنے والی فرموں کے گروپ کو ______ کہا جاتا ہے۔
الف۔ صنعت  ب۔ کارٹل  ج۔ اجارہ داری  د۔ مکمل مقابلہ

(xiii) درج ذیل میں سے کون سا عامل پیدائش کاروبار کے لیے سب سے اہم ہوتا ہے؟
الف۔ زمین  ب۔ محنت  ج۔ سرمایہ  د۔ آجر/تنظیم

(xiv) درج ذیل میں سے کس عامل پیدائش کی جغرافیائی حرکت پذیری ناممکن ہے؟
الف۔ زمین  ب۔ محنت  ج۔ سرمایہ  د۔ تنظیم

(xv) قانون تقلیلِ حاصل کا زیادہ تر اطلاق ______ پر ہوتا ہے۔
الف۔ زرعی شعبے  ب۔ صنعت  ج۔ بین الاقوامی تجارت  د۔ ذرائع مواصلات

(xvi) درج ذیل میں سے کون سے اخراجات متغیر لاگت (VC) میں شمار نہیں ہوتے؟
الف۔ مستقل عملہ کی تنخواہ  ب۔ معمولی اُجرت پر کام کرنے والے ملازمین کا معاوضہ
ج۔ نقل وحمل کے اخراجات  د۔ اشتہار بازی کے اخراجات

(xvii) جب قیمت = اوسط وصولی = مختتم وصولی ہو تو اسے ______ کہا جاتا ہے۔
الف۔ اجارہ داری  ب۔ دوجارہ  ج۔ مکمل مقابلہ  د۔ اجارہ دارانہ مقابلہ

(xviii) اجارہ داری کے تحت نقطہ توازن پر طلب کی لچک ______ ہوتی ہے۔
الف۔ اکائی کے برابر  ب۔ اکائی سے زیادہ  ج۔ اکائی سے کم  د۔ صفر کے برابر

(xix) اُجرت نقد ادائیگی کی صورت میں ______ اُجرت کہلاتی ہے۔
الف۔ حقیقی  ب۔ زری  ج۔ کم سے کم  د۔ زائد

(xx) اسلام کس حد تک منافع کی اجازت دیتا ہے؟
الف۔ کوئی حد مقرر نہیں  ب۔ منافع کی ممانعت ہے  ج۔ معقول اور جائز منافع  د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

---

برائے ممتحن :  کُل نمبر: 20  حاصل کردہ نمبر: ______

StudentBounty.com

# ECONOMICS HSSC–I

**Time allowed: 2:35 Hours** **Total Marks Sections B and C: 80**

**NOTE:- Answer any fifteen parts from Section 'B (a)' one part from Section 'B(b)' and any three questions from Section 'C' on the separately provided answer book. Use supplementary answer sheet i.e. Sheet–B if required. Write your answers neatly and legibly.**

## SECTION – B (Marks 50)

Q. 2 a. **Attempt any FIFTEEN parts. The answer to each part should not exceed 3 to 5 lines. (15 x 3 = 45)**

(i) What is Scarcity? Give an example.

(ii) Define Rational Consumer.

(iii) Define Utility.

(iv) Define Non-economic wants. Also give two examples of Non-economic wants.

(v) Differentiate between Consumer-goods and Capital-goods.

(vi) Define Arc elasticity of demand. Write down the formula to measure it.

(vii) Write a short note on Micro-economics.

(viii) When demand decreases less than supply, what will be the effect on equilibrium price? Make a graph.

(ix) Write down three limitations of the Law of Demand.

(x) What is Market equilibrium? How is it obtained?

(xi) Make a graph of supply curve with the help of the following table:

| | | | |
|---|---|---|---|
| P | 10 | 6 | 4 |
| Qs | 20 | 12 | 8 |

(xii) Find equilibrium price and quantity of demand and supply with the help of given equations:

$Qd = 20 - P$ $Qs = 5 + 2P$

(xiii) What is meant by Constant Parameter? Give any example from economics.

(xiv) Define the term 'Input'. Also give example.

(xv) Write briefly the characteristics of Indifference Curve (IC).

(xvi) What is meant by vertical movement of labour? Give any example.

(xvii) Define Sole-proprietorship. Give example.

(xviii) Define and explain any three external economies of scale.

(xix) Find Average Total Cost (ATC) and Marginal Cost (MC) with the help of given schedule:

| Units of Output | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Fixed Cost (FC) | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 |
| Variable Cost (VC) | 0 | 30 | 50 | 65 | 77 | 95 | 125 | 175 |

(xx) Define MR and AR. Draw MR and AR curves under monopoly.

(xxi) Define Profit. Write two kinds of profit.

b. **Attempt any ONE part.** **( 1 x 5 = 5 )**

(i) Describe any three types of Rent.

(ii) What is the practical importance of the study of elasticity of demand?

## SECTION – C (Marks 30)

**Note:- Attempt any THREE questions.** **( 3 x 10 = 30 )**

**Q. 3** Define and explain Law of Equal Marginal Utility with the help of a schedule and graph.

**Q. 4** Define Elasticity of demand. Use total expenditure method to measure elasticity of demand.

**Q. 5** Define Monopoly. How is price and output of a firm determined under monopoly? Explain with the help of graph.

**Q. 6** Explain Ricardo's theory of Rent.

StudentBounty.com

# معاشیات ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے
کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم۔ الف میں سے پندرہ (15) اجزاء، دوم 'ب' میں سے ایک (1) جزو اور حصہ سوم میں سے کوئی سے تین (3) سوال حل کریں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: الف: مندرجہ ذیل اجزاء میں سے پندرہ (15) کے تین سے پانچ سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (15x3=45)

(i) کمیابی کیا ہے؟ ایک مثال دیں۔
(ii) باشعور صارف کی تعریف کریں۔
(iii) افادہ کی تعریف کریں۔
(iv) غیر معاشی حاجات کی تعریف کریں۔ نیز غیر معاشی حاجات کی دو مثالیں دیجیے۔
(v) اشیاءِ صرف اور اشیاءِ سرمایہ میں فرق تحریر کیجیے۔
(vi) طلب کی قوسی لچک کی تعریف کریں۔ اس کی پیائش کا فارمولا لکھیے۔
(vii) جزوی معاشیات پر مختصر نوٹ لکھیے۔
(viii) جب کسی شے کی طلب میں کمی اُس شے کی رسد کے مقابلے میں کم ہو تو توازنی قیمت پر کیا اثر ہوگا؟ گراف بنائیں۔
(ix) قانون طلب کی تین حد بندیاں تحریر کریں۔
(x) منڈی کا توازن کیا ہے؟ یہ کیسے حاصل ہوتا ہے؟
(xi) دیے گئے گوشوارے کی مدد سے رسد کا خط اخذ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| قیمت | 10 | 6 | 4 |
| مقدار رسد | 20 | 12 | 8 |

(xii) نیچے دی گئی مساواتوں کی مدد سے توازنی قیمت، طلب اور رسد کی مقدار معلوم کریں:

$$Qd = 20 - P \qquad Qs = 5 + 2P$$

(xiii) پیرامیٹر ساکنات سے کیا مراد ہے؟ علم معاشیات سے کوئی مثال دیجیے۔
(xiv) مداخل (input) کی تعریف کریں۔ نیز مثال دیں۔
(xv) خطوطِ عدم ترجیح کی خصوصیات مختصراً تحریر کیجیے۔
(xvi) محنت کی عمودی حرکت پذیری سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔
(xvii) واحد ملکیتی کاروبار کی تعریف کریں۔ اس کی کوئی مثال دیجیے۔
(xviii) کوئی سی تین بیرونی کفائتوں کی تعریف اور وضاحت کیجیے۔
(xix) ذیل میں دیے گئے گوشوارے کی مدد سے اوسط کل مصارف (ATC) اور مختتم مصارف (MC) معلوم کریں:

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار کی اکائیاں | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| معینہ مصارف/لاگت (FC) | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 | 20 |
| متغیر مصارف (VC) | 0 | 30 | 50 | 65 | 77 | 95 | 125 | 175 |

(xx) مختتم وصولی اور اوسط وصولی کی تعریف کریں۔ اجارہ داری کے تحت ان کے خطوط بنائیے۔
(xxi) منافع کی تعریف کریں۔ اس کی دو اقسام تحریر کریں۔

ب: مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی ایک (1) جزو کا جواب لکھیں: (1x5=5)

(i) لگان کی کوئی سی تین اقسام بیان کریں۔
(ii) طلب کی لچک کے مطالعہ کی عملی اہمیت کیا ہے؟

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔) (3x10=30)

سوال نمبر۳: قانون مساوی افادہ مختتم کی تعریف کریں۔ نیز گوشوارے اور گراف کی مدد سے اس کی وضاحت کریں۔
سوال نمبر۴: طلب کی لچک کی تعریف کیجیے۔ کل اخراجات کے طریقے کی مدد سے طلب کی لچک کی پیائش کریں۔
سوال نمبر۵: اجارہ داری کی تعریف کریں۔ اجارہ داری کے تحت فرم کی قیمت اور پیداوار کے تعین کی گراف بنا کر وضاحت کیجیے۔
سوال نمبر۶: ریکارڈو کے نظریہ لگان کی وضاحت کریں۔